## سوال

جنبی جو غسل نہیں کرتا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں مشت زنی کرتا ہوں اور غسل کیئے بغیر نماز پڑھتا اور روزے بھی رکھتا رہا ہوں کیونکہ مجھے علم نہ تھا کہ اس فعل کی وجہ سے مجھ پر غسل واجب ہے مجھے اب معلوم بھی نہیں کہ اس طرح بغیر غسل کے میں نے کتنی نمازیں پڑھی ہیں ؟ اب میرے لیئے کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تم نے بہت بڑی غلطی کا ارتکاب کیا ہے کیونکہ مشت زنی حرام ہے اگر چہ بعض اہل علم نے اس شخص کے لیئے اس کی اجازت دی ہے جسے زنا میں بتلا ہو جانے کا خدشہ ہو اور پھر دوسری بڑی غلطی یہ کی کہ اس کے بارے میں کسی سے پوچھا بھی نہیں کہ حکم کیا ہے ؟ ہاں البتہ جہالت طول زمان اور بہت سی نمازوں کی قضاء میں مشت کی وجہ سے تمہارا یہ گناہ قابل معافی ہے لہذا اب تمہیں کثرت کے ساتھ نفل نمازیں اور عبادتیں ادا کرنی چاہئیں تاکہ ماضی مین جو کچھ ہوا اللہ تعالیٰ اسے معاف فرمادے واللہ اعلم ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ اسلامیہ**

# ج1ص404

**محدث فتویٰ**